Maulana Azad National Urdu University

Ph.D. (Urdu) Course Work Examination - December - 2018

Paper - PHUR102CCT :

پرچہ: مطالعہ ادب کے طریق کار

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) تنقید اور فن تنقید نگاری کے مصنف کون ہیں۔

(a) انور سدید (b) نورالحسن نقوی (c) محمد حسن (d) خلیق انجم

(ii) نظم کی کونسی قسم میں بحر اور وزن کو ملحوظ رکھا جاتا ہے لیکن قافیے کی پابندی نہیں ہوتی۔

(a) پابند نظم (b) نظم معریٰ (c) آزاد نظم (d) نثری نظم

(iii) قصیدہ 'تضحیک روزگار' کس نے لکھا ہے۔

(a) ذوقؔ (b) مومنؔ (c) غالبؔ (d) سوداؔ

(iv) اردو میں تنقید کی بنیاد کس نے رکھی۔

(a) مولانا حالی (b) احتشام حسین (c) محمد حسن عسکری (d) شمس الرحمٰن فاروقی

(v) افسانہ آخری آدمی کس کی تخلیق ہے۔

(a) سریندر پرکاش (b) سلام بن رزاق (c) انتظار حسین (d) سید محمد اشرف

(vi) مثنوی 'کربِ جاں' کس نے لکھی ہے۔

(a) بشیر بدر (b) شہریار (c) طارق چھتاری (d) غضنفر علی

(vii) ادب اور زندگی کس کی تصنیف ہے۔

(a) اطہر پرویز (b) مجنوں گورکھپوری (c) کامل قریشی (d) صدیق الرحمٰن قدوائی

(viii) ذیل میں کونسی کتاب شمس الرحمٰن فاروقی کی نہیں ہے۔

(a) تنقیدی افکار (b) تعبیر کی شرح (c) اسلوبیات میر (d) شعر غیر شعر اور نثر

(ix) اس شعر میں کونسی صنعت ہے۔

رو میں رخش عمر کہاں دیکھیے تھمے
نے ہاتھ باگ پر ہے نہ پا ہے رکاب میں

(a) رعایت لفظی (b) تلمیح (c) تجاہل عارفانہ (d) تجنیس

(x) ساہتیہ اکیڈمی انعام یافتہ افسانوی مجموعہ ' دخمہ ' کے مصنف کا نام بتائیے۔

(a) خالد جاوید (b) شموئل احمد (c) عبدالستار (d) بیگ احساس

حصہ دوم

.2 تقابلی تنقید کے امتیازات پر ایک نوٹ لکھیے۔

.3 شعور کی رو سے کیا مراد ہے مثالوں سے واضح کیجیے۔

.4 فنکار کی ذہنی نشو نما میں کارفرما عوامل کا اثر اس کی تخلیقات پر بھی ہوتا ہے۔اس قول کی تائید یا تردید میں بحث کیجیے۔

.5 تانیثی تنقید کی ضرورت اور اہمیت پر گفتگو کیجیے۔

.6 'ادب سماج کا آئینہ ہے' وضاحت کیجیے۔

.7 مارکسی تنقید پر ایک نوٹ لکھیے۔

.8 اسلوب کی تعریف بیان کیجیے اور اس کی اہمیت اجاگر کیجیے۔

.9 کسی ایک نقاد کی تنقیدی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

(a) مولانا حالی (b) احتشام حسین

(c) شمس الرحمٰن فاروقی (d) گوپی چند نارنگ

حصہ سوم

.10 غزل کی شعریات پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔

.11 ادب میں تنقید کی اہمیت و افادیت پر اظہار خیال کیجیے۔

.12 علم بدیع (علم معنی) کسے کہتے ہیں کوئی دس صنعتوں کی تعریف مع مثالوں کے بیان کیجیے۔

.13 کسی ایک تخلیق کا تنقیدی تجزیہ کیجیے۔

(a) کفن (b) بجوکا

(c) پیتل کا گھنٹہ (d) ٹوبہ ٹیک سنگھ

.14 ....

☆☆☆